COPYRIGHT RESERVED

compared
Wasique
02/12/24

Moderated

20.25

Subject code: 103

Candidates are required to give their answer in their own words as far as practicable
परीक्षार्थी यथासंभव अपने शब्दों में ही उत्तर दें ।
Figures in the Margin indicate full marks
दाहिनी ओर हाशिये पर दिये हुए अंक पूर्णांक निर्दिष्ट करते हैं ।

Time : 3 Hours 15 Minutes
समय : 3 घंटे 15 मिनट

Urdu 32

Full Marks : 100
पूर्णांक : 100

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 100+4 = 104 | |
| | SECONDARY SCHOOL EXAMINATION-2025 | |
| | (Annual) | |
| | URDU (MT) | |
| | Instructions for the candidates: | |
| | 1. candidates must enter his/her Question Booklet Serial | |
| | No. (10 Digits) in the OMR Answer Sheet. | |
| | 2. candidates are required to give their answer in their | |
| | own words as far as practicable. | |
| | 3. Figures in the left hand margin indicate full marks. | |
| | 4. 15 minutes of extra time have been allotted for the | |
| | candidates to read the questions carefully. | |
| | 5. This question booklet is divided into two sections. | |
| | Section-A and Section-B. | |
| | 6. In Section-A, there are 100 objective type questions, | |
| | out of which any 50 questions are to be answered. If | |
| | more than 50 questions are answered, then only first | |
| | 50 will be evaluated. Each question carries 1 mark. | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | For answering these darken the circle with blue/black ball | |
| | pen against the correct option on OMR Answer sheet | |
| | provided to you. Do not use whitener/liquid/blade/nail | |
| | etc. on OMR Answer sheet, otherwise the result will | |
| | be treated invalid. | |
| | 7. In section-B, there are 4 short answer and long | |
| | answer type questions. Marks indicate left side against | |
| | each question. | |
| | 8. Use of any electronic appliances is strictly prohibited. | |
| | ہدایات: | |
| | 1. امیدواروں کو OMR جوابی پرچہ میں اپنا سوالیہ کتابچہ سیریل نمبر | |
| | (10 ہندسوں میں) لکھنا ہوگا۔ | |
| | 2۔ امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اپنے الفاظ میں | |
| | جواب دیں۔ | |
| | 3۔ بائیں طرف حاشئے میں درج اعداد کل مارکس ظاہر کرتے ہیں۔ | |
| | 4۔ سوالات پڑھنے کے لیے امیدواروں کو 15 منٹ کا اضافی وقت دیا | |
| | گیا ہے۔ | |
| | 5۔ یہ سوالیہ کتابچہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ سیکشن-A اور سیکشن-B | |
| | 6۔ سیکشن-A میں 100 معروضی سوالات ہیں، ان میں سے صرف 50 | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | سوالوں کا جواب دینا ہے - اگر پچاس سے زائد سوالوں کے جواب دئے | |
| | جائیں گے تو صرف پہلے 50 کو شمار کیا جائے گا - ہر ایک کے لیے ایک نمبر | |
| | مختص ہے - ان کا جواب دینے کے لیے مہیا کئے گئے OMR جوابی شیٹ پر | |
| | صحیح جواب کے سامنے نیلے / کالے بال پین سے دائرے کو بھریں - OMR | |
| | جوابی شیٹ پر وائٹنر / سیال / بلیڈ / ناخن وغیرہ استعمال نہ کریں ورنہ آپ | |
| | کا نتیجہ ناقابل قبول ہوگا - | |
| | 7 - سیکشن - B میں 4 مختصر جواب اور طویل جواب والے سوالات ہیں - | |
| | ہر ایک سوال کے لیے بائیں جانب مارکس درج ہیں - | |
| | 8 - کسی قسم کے الیکٹرانک آلات کا استعمال سختی سے ممنوع ہے - | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | Section-A | |
| | درج ذیل معروضی سوالات میں سے پچاس کا صحیح جواب منتخب کریں۔ | |
| | پچاس سے زیادہ [illegible] جواب دینے پر شروع کے ہی 50 سوالات جانچ | |
| | کئے جائیں گے۔ $50 \times 1 = 50$ | |
| | ۱. شبنم کمالی کو شاعری کے کس صنف میں شہرت حاصل ہوئی؟ | |
| | (A) نظم (B) غزل (C) منقبت (D) نعت | |
| | 2۔ شعر میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟ | |
| | (A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار | |
| | 3۔ باب فیض سے دونوں جہاں کو کیا ملتا ہے؟ | |
| | (A) رزق (B) رحمت (C) مہربانی (D) بزرگی | |
| | 4۔ سہیل عظیم آبادی کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی؟ | |
| | (A) سسرال میں (B) دادیہال میں (C) نانیہال میں (D) خالہ کے یہاں | |
| | 5۔ نصاب میں شامل 'بھابھی جان' کا تعلق کس نثری صنف سے ہے؟ | |
| | (A) افسانہ (B) ناول (C) ڈراما (D) داستان | |
| | 6۔ ڈاکٹر محمد محسن کس موضوع پر مہارت رکھتے تھے؟ | |
| | (A) تاریخ (B) ادب (C) نفسیات (D) صحافت | |
| | 7۔ افسانہ 'فرار' کا مرکزی کردار کون ہے؟ | |
| | (A) حامد (B) محمود (C) حمید (D) ہاشم | |
| | 8۔ 'کٹی ہوئی شاخ' کے افسانہ نگار کون ہیں؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) سہیل عظیم آبادی (B) نگار عظیم (C) جیلانی بانو (D) قمر جہاں | |
| | 9۔ قمر جہاں کا تعلق کس صوبہ سے ہے ؟ | |
| | (A) اترپردیش (B) مغربی بنگال (C) بہار (D) جھارکھنڈ | |
| | 10۔ برکت علی صدیقی کس افسانہ کے کردار ہیں ؟ | |
| | (A) کٹی ہوئی شاخ (B) آشیانہ (C) فرار (D) بھابی جان | |
| | 11۔ نگار عظیم کا اصل نام کیا ہے ؟ | |
| | (A) زہرہ نگار (B) ملکہ مہر نگار (C) زر نگار (D) مہوش | |
| | 12۔ "آشیانہ" کس کی تخلیق ہے ؟ | |
| | (A) شکیلہ اختر (B) سید محمد محسن (C) قمر جہاں (D) نگار عظیم | |
| | 13۔ ناگالینڈ میں بال وگیان کانگریس کتنے دنوں تک چلی تھی ؟ | |
| | (A) دو دن (B) تین دن (C) چار دن (D) پانچ دن | |
| | 14۔ گلوبل وارمنگ سے بچنے کے لئے گرین ہاؤس گیسوں | |
| | کو کیا کرنا ہوگا ؟ | |
| | (A) کم کرنا ہوگا (B) بڑھانا ہوگا (C) نہ کم کرنا ہوگا اور نہ بڑھانا ہوگا | |
| | (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 15۔ "عالمی حدت" کے مضمون نگار کون ہیں ؟ | |
| | (A) عبدالمغنی (B) اختر اورینوی (C) وہاب اشرفی (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 16۔ سرسید کی پیدائش کب ہوئی ؟ | |
| | (A) 1817ء میں (B) 1818ء میں (C) 1814ء میں (D) 1812ء میں | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 17۔ 'دریا' کے مضمون نگار کون ہیں؟ | |
| | (A) شبلی نعمانی (B) سرسید (C) حالی (D) نذیر احمد | |
| | 18۔ 'حیات جاوید' کس کی سوانح ہے؟ | |
| | (A) نذیر احمد (B) سرسید (C) شبلی (D) نذیر احمد | |
| | 19۔ 'ادب کی پہچان' کے مضمون نگار کون ہیں؟ | |
| | (A) عبدالمغنی (B) کلیم الدین احمد (C) سرسید احمد خان (D) اختر اورینوی | |
| | 20۔ اردو تنقید میں عبدالمغنی کا خاص میدان کیا رہا ہے؟ | |
| | (A) غالب (B) اقبال (C) عملی تنقید (D) متنی تنقید | |
| | 21۔ آزاد ہندوستان میں بھیم راؤ امبیڈکر کس عہدے پر فائز ہوئے تھے؟ | |
| | (A) وزیر تعلیم (B) وزیر ریل (C) وزیر قانون (D) وزیر داخلہ | |
| | 22۔ بھیم راؤ کس ذات سے تعلق رکھتے تھے؟ | |
| | (A) تیلی (B) مہار (C) سوری (D) پاسوان | |
| | 23۔ 'سلور کنگ' کس کا ڈراما ہے؟ | |
| | (A) امتیاز علی تاج (B) آغا حشر کشمیری (C) محمد مجیب (D) حبیب تنویر | |
| | 24۔ درج ذیل میں آغا حشر کا ڈراما کون ہے؟ | |
| | (A) رستم و سہراب (B) انارکلی (C) شہر وفا (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 25۔ آریہ بھٹ نے اپنا تجربہ گاہ کہاں قائم کیا تھا؟ | |
| | (A) ترنگنا (B) گیا (C) کھگول (D) پٹنہ | |
| | 26۔ کسی ستارہ یا سیارہ پر پردہ پڑ جانے کو کیا کہتے ہیں؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) زلزلہ (B) سنامی (C) گرہن (D) بیروزہ ہونا | |
| | 27 - زمین کس کا طواف کرتی ہے ؟ | |
| | (A) چاند (B) سورج (C) زحل (D) مشتری | |
| | 28 - نذیر احمد نے کس کی تعلیم و تربیت کے لئے ناول لکھے ہے | |
| | (A) مسلمانوں کے لئے (B) بیٹوں کے لئے (C) بیٹیوں کے لئے (D) رشتہ داروں کے لئے | |
| | 29 - اردو میں پہلا ناول نگار کسے کہتے ہیں ؟ | |
| | (A) قرۃ العین حیدر (B) ڈپٹی نذیر احمد (C) راشد الخیری (D) پریم چند | |
| | 30 - 'اردوئے معلیٰ' کیا ہے ؟ | |
| | (A) خطوط کا مجموعہ (B) مضمون کا مجموعہ (C) افسانہ کا مجموعہ (D) نظم کا مجموعہ | |
| | 31 - مرزا غالب کی وفات کب ہوئی ؟ | |
| | (A) 1868ء میں (B) 1869ء میں (C) 1870ء میں (D) 1867ء میں | |
| | 32 - اردو میں خطوط کا سلسلہ کس نے شروع کیا ؟ | |
| | (A) میر تقی میر (B) خواجہ میر درد (C) مرزا غالب (D) داغ دہلوی | |
| | 33 - شہباز کس اخبار میں مدیر ہوئے ؟ | |
| | (A) الہلال (B) البلاغ (C) دار السلطنت (D) ہمدرد | |
| | 34 - مقبول احمد صمدانی مہدی افادی کے کون تھے ؟ | |
| | (A) دوست (B) بھائی (C) والد (D) چچا | |
| | 35 - بیدی کا پورا نام کیا تھا ؟ | |
| | (A) خشونت سنگھ (B) راجندر سنگھ (C) بلونت سنگھ (D) امریندر سنگھ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 36 ۔ چکبست کس پیشے سے منسلک تھے ؟ | |
| | (A) وکالت (B) طبابت (C) تجارت (D) درس و تدریس | |
| | 37 ۔ شامل نصاب نظم "مناظر فطرت" (مناظر قدرت) کے شاعر کون ہیں ؟ | |
| | (A) محروم (B) آزاد (C) چکبست (D) اکبر الہ آبادی | |
| | 38 ۔ "انڈیا گیٹ" کی تعمیر کس حکمران نے کی ؟ | |
| | (A) مغل حکمران (B) خلجی حکمران (C) شیر شاہ نے (D) انگریزوں نے | |
| | 39 ۔ "عیسیٰ خیل" کہاں واقع ہے ؟ | |
| | (A) پاکستان میں (B) ہندوستان میں (C) بنگلہ دیش میں (D) افغانستان میں | |
| | 40 ۔ پرویز شاہدی کا پورا نام کیا ہے ؟ | |
| | (A) سید اکرام حسین (B) سید احمد حسین (C) سید حامد حسین (D) سید مکرم حسین | |
| | 41 ۔ شامل نصاب سبق "ہم نوجوان ہیں" کیا ہے ؟ | |
| | (A) غزل (B) مرثیہ (C) نظم (D) رباعی | |
| | 42 ۔ ندا فاضلی کی شہرت کس طرح کے شاعر کی ہے ؟ | |
| | (A) غزل گو (B) جدید نظم نگار (C) مرثیہ نگار (D) مثنوی نگار | |
| | 43 ۔ نظم "بجلی کا کھمبا" کے شاعر کون ہیں ؟ | |
| | (A) ندا فاضلی (B) سید محمد جعفری (C) چکبست (D) پرویز شاہدی | |
| | 44 ۔ نظم "کھڑا ڈنر" کے شاعر کون ہیں ؟ | |
| | (A) سید محمد جعفری (B) ندا فاضلی (C) پرویز شاہدی (D) چکبست | |
| | 45 ۔ لفظ "مرثیہ" کس زبان سے ماخوذ ہے ؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) عربی (B) فارسی (C) ہندی (D) انگریزی | |
| | 46۔ مثنوی 'زہر عشق' کس نے لکھی ہے؟ | |
| | (A) شوق لکھنوی (B) شوق نیموی (C) میر حسن (D) دیا شنکر نسیم | |
| | 47۔ نسیم کی شاعری پر کس شاعر کا رنگ تھا؟ | |
| | (A) مصحفی (B) آتش (C) میر (D) سودا | |
| | 48۔ مثنوی 'جذبۂ عشق' کے شاعر کون ہیں؟ | |
| | (A) جرأت (B) ناسخ (C) آتش (D) مصحفی | |
| | 49۔ غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ | |
| | (A) ردیف (B) مقطع (C) مطلع (D) قافیہ | |
| | 50۔ مبارک عظیم آبادی اردو کے ساتھ کس زبان میں شاعری کرتے تھے؟ | |
| | (A) عربی (B) ہندی (C) فارسی (D) انگریزی | |
| | 51۔ احمد فراز کا تعلق کس ملک سے ہے؟ | |
| | (A) بنگلہ دیش (B) ہندوستان (C) پاکستان (D) ایران | |
| | 52۔ حسن نعیم کی پہلی غزل میں کس چیز کی جھلک ملتی ہے؟ | |
| | (A) فخر (B) خودداری (C) خود اعتمادی (D) محرومی | |
| | 53۔ پروین شاکر کس ملک میں پیدا ہوئی؟ | |
| | (A) ہندوستان (B) پاکستان (C) بنگلہ دیش (D) ایران | |
| | 54۔ عرفان صدیقی نے سنسکرت کے کس شاعر کے ڈرامے کا اردو ترجمہ کیا ہے؟ | |
| | (A) کالیداس (B) وِدّیاپتی (C) تلسی داس (D) ان میں سے کوئی نہیں | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 55 - دوہے کے ہر مصرعہ میں کیا ہوتا ہے ؟ | |
| | (A) سکتہ (B) وقفہ (C) ختمہ (D) وصل | |
| | 56 - سلام مچھلی شہری بنیادی طور پر کس صنف کے شاعر ہیں ؟ | |
| | (A) گیت (B) دوہے (C) غزل (D) مرثیہ | |
| | 57 - ہندی ادب سے شاعری کی کون سی صنف اردو میں شامل ہوئی ہے ؟ | |
| | (A) غزل (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) گیت | |
| | 58 - ان میں سے کس دبستان کا تعلق بہار سے ہے ؟ | |
| | (A) دبستان دہلی (B) دبستان دکن (C) دبستان عظیم آباد (D) دبستان لکھنؤ | |
| | 59 - لسانی اعتبار سے ہندوستان کیسا ملک ہے ؟ | |
| | (A) کثیر لسانی (B) قلیل لسانی (C) مختصر لسانی (D) ہم لسانی | |
| | 60 - اردو کس زبان سے نکلی ہے ؟ | |
| | (A) پنجابی (B) کھڑی بولی (C) برج بھاشا (D) پراکرت | |
| | 61 - شاردا گوپی ناتھ کی کون تھی ؟ | |
| | (A) ملازم (B) بیوی (C) بیٹی (D) بہن | |
| | 62 - 'واتر کے کنارے' کس زبان کی کہانی ہے ؟ | |
| | (A) آسامی (B) بنگلہ (C) گجراتی (D) ملیالم | |
| | 63 - 'سورج کا گھوڑا' کس طرح کا افسانہ ہے ؟ | |
| | (A) رومانی (B) سماجی (C) نفسیاتی (D) بیانیہ | |
| | 64 - مراٹھی زبان کس صوبہ میں بولی جاتی ہے ؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) کرناٹک (B) مہاراشٹرا (C) گجرات (D) تلنگانہ | |
| | 65۔ 'بارش کی ایک صبح' کس زبان کی نظم ہے؟ | |
| | (A) اردو (B) ہندی (C) اڑیا (D) بنگلہ | |
| | 66۔ مہمل کس طرح کا لفظ ہے؟ | |
| | (A) جس کا معنی ہو (B) جس کا معنی نہیں ہو (C) جس کا معنی آسان ہو (D) جس کا معنی مشکل ہو | |
| | 67۔ 'لڑکے محنت سے کامیاب ہوتے ہیں' اس جملہ میں حرف کون ہے؟ | |
| | (A) محنت (B) کامیاب (C) لڑکا (D) سے | |
| | 68۔ کلمہ جامد کی مثال ہے؟ | |
| | (A) پہاڑ (B) پڑھنا (C) لکھنا (D) سننا | |
| | 69۔ علامت مفعول کون ہے؟ | |
| | (A) کو (B) نے (C) اگر (D) مگر | |
| | 70۔ 'مرزا اسد اللہ خاں غالب' میں 'غالب' کیا ہے؟ | |
| | (A) تخلص (B) فعل (C) مفعول (D) صفت | |
| | 71۔ اسم معرفہ کی مثال ہے؟ | |
| | (A) قلم (B) دوات (C) کتاب (D) قرآن مجید | |
| | 72۔ 'عیدگاہ' کیا ہے؟ | |
| | (A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) اسم فاعل (D) حاصل مصدر | |
| | 73۔ درج ذیل میں ماضی شکیہ کی مثال ہے؟ | |
| | (A) میں کھاتا ہوں (B) ہم لوگ کھاتے ہوں گے (C) وہ کھائے گا (D) وہ کھا چکا ہے | |

StudyRaw.Com

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 74۔ 'جسم' کی ضد کیا ہوگی؟ | |
| | (A) موت (B) روح (C) زندگی (D) سکون | |
| | 75۔ عبادت کی جمع کیا ہوگی؟ | |
| | (A) عبد (B) معبود (C) عبادات (D) عابد | |
| | 76۔ 'اکرم بہادر ہے' اس جملہ میں 'بہادر' کیا ہے؟ | |
| | (A) صفت (B) موصوف (C) فعل (D) فاعل | |
| | 77۔ درج ذیل میں اسم نکرہ کی نشاندہی کیجیے؟ | |
| | (A) ارشد (B) پٹنہ (C) ہمالہ (D) ندی | |
| | 78۔ 'وزیر اعلیٰ کل پٹنہ آئیں گے' یہ زمانہ کی کون سی قسم ہے؟ | |
| | (A) حال (B) ماضی (C) مستقبل (D) ان میں سے کوئی نہیں | |
| | 79۔ درج ذیل میں عرف کون ہے؟ | |
| | (A) غالب (B) ابن عمر (C) گڈو (D) خان بہادر | |
| | 80۔ 'آسمان سے تارے توڑنا' کا کیا مطلب ہے؟ | |
| | (A) بلندی سے کودنا (B) بہت مشکل کام کرنا (C) آسمان کے تاروں کو دیکھنا (D) آسمان کا سفر کرنا | |
| | 81۔ درج ذیل میں لاحقہ کو تلاش کریں؟ | |
| | (A) لاحاصل (B) غیر حاضر (C) کتب خانہ (D) ان پڑھ | |
| | 82۔ 'ہم لوگ' کون صیغہ ہے؟ | |
| | (A) واحد حاضر (B) واحد متکلم (C) جمع متکلم (D) واحد غائب | |
| | 83۔ 'تم لوگ کہاں جا رہے ہو؟' یہ کیسا جملہ ہے؟ | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (A) دعائیہ (B) خبریہ (C) ندائیہ (D) استفہامیہ | |
| | 84۔ درج ذیل میں اسم آلہ کون ہے؟ | |
| | (A) اسکول (B) وضوگاہ (C) آگ (D) جھاڑو | |
| | 85۔ محاورہ "گرم ہونا" کا کیا مطلب ہے؟ | |
| | (A) آگ جلانا (B) بہت غصہ ہونا (C) دھوپ سے گرم کرنا (D) تھک جانا | |
| | 86۔ "تم کیا کرتے ۔۔۔۔ ؟" جملہ مکمل کریں؟ | |
| | (A) ہوں (B) ہو (C) ہیں (D) ہے | |
| | 87۔ درج ذیل میں کلمہ کی نشاندہی کیجئے؟ | |
| | (A) وگڑا (B) وانی (C) واۓ (D) جھگڑا | |
| | 88۔ صحیح جملہ ہے؟ | |
| | (A) حامد نے دیکھا (B) حامد دیکھا (C) حامد سے دیکھا (D) حامد نے دیکھی | |
| | 89۔ لڑکی کا مذکر لفظ کیا ہے؟ | |
| | (A) لڑکا (B) خاتون (C) عورت (D) مرد | |
| | 90۔ "عابرہ عبادت کر رہی ہے" اس میں "عابرہ" کیا ہے؟ | |
| | (A) فعل (B) فاعل (C) صفت (D) مفعول | |
| | 91۔ "محنتی مزدور" میں "مزدور" کیا ہے؟ | |
| | (A) موصوف (B) صفت (C) ضمیر (D) فعل | |
| | 92۔ درج ذیل میں سابقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے؟ | |
| | (A) باغبان (B) پاندان (C) دکاندار (D) بامعنی | |

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | 93۔ حرفِ ندا کی مثال ہے ؟ | |
| | (A) اے لڑکے! (B) اگر (C) شاید (D) کیا | |
| | 94۔ 'ظلم' کی ضد کیا ہوگی ؟ | |
| | (A) عادل (B) عدل (C) عدالت (D) عدلیہ | |
| | 95۔ درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے ؟ | |
| | (A) کرسی (B) لکڑی (C) موتی (D) لڑکی | |
| | 96۔ ان میں سے کون سا لفظ مؤنث ہے ؟ | |
| | (A) ڈاک (B) انعام (C) نام (D) پانی | |
| | 97۔ جمع حاضر کی مثال ہے ؟ | |
| | (A) میں (B) ہم (C) تم لوگ (D) وہ | |
| | 98۔ 'احمد کی ٹوپی' کس کی مثال ہے ؟ | |
| | (A) صفت (B) موصوف (C) اضافت (D) منادی | |
| | 99۔ 'اندھیرے گھر کا دیا' سے کیا مراد ہے ؟ | |
| | (A) شہرت (B) طاقت (C) اولاد (D) دولت | |
| | 100۔ 'سفر' کا ہم صوت لفظ کیا ہوگا ؟ | |
| | (A) صفر (B) ظفر (C) ستر (D) شرف | |
| | | |
| | | |
| | | |

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

## Section-B

1- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر (۲۵۰ سے ۳۰۰ لفظوں میں) مضمون لکھئے: 1×10=10

(a) عیدالاضحی

(b) پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

(c) گرمی کا موسم

(d) سیلاب

(e) کتب خانہ

2- اپنے والد کو ایک خط لکھئے جس میں کتاب کی خریداری کے لیے رقم کا مطالبہ کی جائے۔ 1×5=5

یا

اپنے اسکول کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھئے جس میں اسکول فیس معاف کرنے کی گزارش کی جائے۔

3- درج ذیل سوالوں میں سے صرف دس (۱۰) سوالوں کے مختصر جواب دیجئے:

10×2=20

(a) حمد میں کس کی تعریف کی جاتی ہے؟

(b) سہیل عظیم آبادی کے پہلے مجموعہ کا نام کیا تھا؟

(c) ڈاکٹر محمد محسن کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(d) قمر جہاں صوبہ بہار کے کس ضلع میں پیدا ہوئی؟

| प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक |
|---|---|---|
| | (e) نگار عظیم کے سفرنامہ کا نام کیا ہے؟ | |
| | (f) گلوبل وارمنگ کیسا مسئلہ ہے؟ | |
| | (g) سرسید نے کون سا رسالہ جاری کیا؟ | |
| | (h) ڈاکٹر عبدالمغنی کس سبجیکٹ کے پروفیسر تھے؟ | |
| | (i) بھیم راؤ امبیدکر کے والد کا نام لکھئے؟ | |
| | (j) لطف الرحمن کی جائے پیدائش کہاں ہے؟ | |
| | (k) 'عود ہندی' کیا ہے؟ | |
| | (l) تاج محل کس مغل بادشاہ نے تعمیر کرائی تھی؟ | |
| | (m) پروین شاکر کے کسی ایک شعری مجموعے کا نام لکھئے؟ | |
| | (n) غالب کے آباؤ اجداد کہاں سے ہندوستان آئے تھے؟ | |
| | (o) ہندوستان کے آئین میں کتنی زبانیں شامل ہیں؟ | |
| | (p) اسم نکرہ کی چار مثال لکھیں؟ | |
| | (q) اڑیا زبان کا تعلق کس صوبہ سے ہے؟ | |
| | (r) ملک محمد جائسی کا تعلق کس زبان سے تھا؟ | |
| | (s) [redacted] کنیت کی تعریف مع مثال لکھیں؟ | |
| | (t) نعت میں کس کی تعریف کی جاتی ہے؟ | |
| | 4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی تین کا جواب دیجئے: | 3X5=15 |
| | (a) کہانی کا عنوان 'کٹی ہوئی شاخ' کیوں ہے؟ واضح کیجئے۔ | |
| | (b) گلوبل وارمنگ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ | |

प्रश्न संख्या | प्रश्न | प्रश्न के लिए अंक

(c) زیرِ نصاب نظم "مناظرِ قدرت" (مناظرِ فطرت) کا مرکزی خیال پیش کیجئے۔

(d) جدید نظم کی تعریف کرتے ہوئے اس کا ارتقائی جائزہ لیجئے۔

(e) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کی جمع لکھیں:

(i) مرض (ii) رسم (iii) حالت (iv) دلیل (v) علم

(vi) حال (vii) مرکز (viii) ذکر (ix) مکتب (x) ضرورت

(f) درج ذیل الفاظ میں سے کسی پانچ کے اضداد لکھئے:

(i) آسمان (ii) ارض (iii) تاریک (iv) خرید (v) پست

(vi) رات (vii) صبح (viii) سخت (ix) گرم (x) جنوب

—x—